سوال

(19)کیا ہر مسلمان کےلئے کسی امام ی تقلید ضروری ہے

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا ہر مسلمان کےلئے کسی امام ی تقلید خصوصا امام ابو حنیفہ ہی کی تقلید ضروری ہے اگر کوئی شخص کسی امام کی اقتداء نہ کرے توکیا اس کی نجات ہوجائے گی۔ بعض کہتے ہیں کہ آیت ۔۔۔قرآن

سے امام کی اطاعت ثابت ہورہی ہے۔کیا یہ صحیح ہے۔اورامام سے مراد آئمہ اربعہ میں سے کوئی امام ہی ہے۔

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

کسی امام کی تقلید نہ فرض ہے نہ واجب نجات کےلئے تقلید شرط نہیں بلکہ توحید وسنت کی اتباع شرط ہے۔قرآن کریم نے آئمہ اربعہ میں سے کسی امام کی تقلید کا نہ حکم دیا ہے۔نہ اشارہ کیا ہے۔بلکہ ہر امت کا امام ااس کے نبیؐ کو قرار دیا ہے۔ہمارے امام محمد رسول اللہ ﷺ ہیں جو تمام نبیوں کے بھی امام ہیں۔(اہل حدیث سوہدرہ جلد نمبر 1 ش 17)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ علمائے حدیث

جلد 11 ص 105

محدث فتویٰ